
مسئلۂ خلافت

www.KitaboSunnat.com

مولانا ابو الکلام آزاد



مسئلہ خلافت

مولانا ابو الکلام آزادؒ

مکتبہ جمال
تھرڈ فلور حسن مارکیٹ، اردو بازار لاہور
فون 7232731

نام کتاب ———— مسئلہ خلافت

مصنف ———— مولانا ابوالکلام آزادؒ

اہتمام ———— وقار احمد / شکیل احمد

ناشر ———— مکتبہ جمال

مطبع ———— اصغر پریس

سن اشاعت ———— 2006

قیمت ———— ۱۲۰ روپے

تھرڈ فلور' حسن مارکیٹ' اردو بازار' لاہور

فون: 7232731

Email: maktaba_jamal@email.com
maktabajamal@yahoo.co.uk

شریعت کا مقنن تھا، امت کا بانی تھا، ملکوں کا حاکم اور سلطنت کا مالک تھا۔ وہ اگر چتوں اور چھال سے پٹی ہوئی مسجد کے منبر پر وحی الٰہی کا ترجمان اور انسانی سعادت و ہدایت کا واعظ تھا تو اسی کے صحن میں یمن کا خراج تقسیم کرنے والا اور فوجوں کو میدان جنگ میں بھیجنے کے لیے سپہ سالار لشکر بھی تھا۔ وہ ایک ہی وقت اور ایک ہی زندگی میں گھروں کا نظام معاشرت درست کرتا اور نکاح و طلاق کے قوانین نافذ کرتا اور ساتھ ہی بدر کے کنارے دشمنوں کا حملہ بھی روکتا اور مکّہ کی گھاٹیوں میں سے ایک فاتح حکمران کی طرح نمایاں بھی ہوتا ہے۔ غرضیکہ اس کی ایک شخصیت کے اندر مختلف حیثیتیں اور منصب جمع تھے اور اسلام کا نظام دینی یہی تھا کہ یہ ساری قوتیں ایک ہی فرد میں جمع رہیں۔

جب آپؐ دنیا سے تشریف لے گئے تو خلفاء راشدینؓ کی خلافت خاصہ اسی اجتماع قویٰ و مناصب پر قائم ہوئی اور اسی لیے اس کو ''منہاج نبوّت'' سے تعبیر کیا گیا۔ یعنی یہ نیابت ٹھیک ٹھیک ہر لحاظ اور ہر پہلو سے شخص جامع نبوّت کی سچی قائم مقامی اپنے اندر رکھتی تھی۔

منصب نبوّت مختلف اجزاء نظر و عمل سے مرکب ہے۔ ازاں جملہ ایک جزو وحی و تنزیل کا مورد ہونا اور شریعت میں تشریع و تاسیس قوانین کا اختیار رکھنا ہے۔ یعنی قانون وضع کرنا اور اس کے وضع و قیام کی معصومانہ و غیر مسئولانہ قوت۔ اس جزء کے اعتبار سے نبوّت آپ کے وجود پر ختم ہو چکی تھی اور قیامت تک کے لیے شریعت و قانون کے وضع و قیام کا معاملہ کامل ہو چکا تھا۔ جب نعمت کامل ہو گئی تو پھر کامل چیز ہی کو ہمیشہ باقی رہنا چاہیے۔ اس کی جگہ کسی دوسری چیز کا آنا نقص کا ظہور ہوگا نہ کہ تکمیل کا۔ اَلْيَوْمَ اَكْمَلْتُ لَكُمْ دِيْنَكُمْ وَاَتْمَمْتُ عَلَيْكُمْ نِعْمَتِيْ وَرَضِيْتُ لَكُمُ الْاِسْلَامَ دِيْنًا (۵-۳)

لیکن منصب نبوّت اس اصلی جزء کے ساتھ بہت سے تبعی اجزاء پر بھی مشتمل تھا اور ضروری تھا کہ ان کا دروازہ ہمیشہ کھلا رہے۔ اس چیز کو مختلف احادیث میں مختلف تعبیرات سے موسوم کیا ہے۔ حضرت عمرؓ کے لیے ''محدث'' (بالفتح) کا مقام بتلایا گیا۔ علماء کو انبیاء کا وارث کہا گیا۔ مبشرات صادقہ کو نبوّت کا چالیسواں جزء قرار دیا۔ لم یبق الا المبشرات حدیث تجدید بھی اسی سلسلہ میں داخل ہے۔ پس خلفاء راشدینؓ کو جو نیابت پہنچی، اس میں وحی و تشریع کی قائم مقامی تو نہیں ہو سکتی تھی لیکن اور تمام اجزاء و خصائص نبوّت کی نیابت داخل تھی۔ داعی اسلام کا وجود نبوّت کے ساتھ خلافت ارضی، حکومت و سلطنت، نظام و قوام سیاست قیادت فوج و حرب، فتح و عمران ممالک، ریاست مجالس شوریٰ وغیرہ، جہانبانی و حکمرانی کے تمام منصب تنہا اپنی شخصیت کے اندر رکھتا تھا۔ اس لیے ٹھیک ٹھیک اسی طرح خلافت خاصہ میں بھی خلفاء راشدینؓ کا تنہا وجود ان ساری نظری و عملی قوتوں اور تمام منصوبوں کا جامع ہوا۔ وہ ایک ہی وجود کے اندر صاحب امامت و خلافت بھی تھے، صاحب اجتہاد و قضا بھی تھے، اور صاحب سیاست و نظم احکام و بلاد بھی۔ اصلاً ''امامت کبریٰ'' کا مقام اجتہاد دینی اور